نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

گندم کی منظور شدہ اقسام کے معیاری بیج کو کاشتکاروں تک پہنچانے کے لئے تمام ذیلی شعبہ جات کوآڈینیشن اور مربوط حکمت عملی کے تحت کام کریں:سیکرٹری زراعت پنجاب احمد عزیز تارڑ

لاہور02اکتوبر2022:( ) زرعی ماہرین اعلی کوالٹی کے حامل پھلوں کی پیداوار میں اضافہ اور بین الاقوامی تقاضوں کے مطابق پھلوں کی درجہ بندی و پیکنگ کیلئے باغبانوں کو عملی تربیت فراہم کریں تا کہ پھلوں کی 80ارب کی برآمدات کو بڑھا کر 200ارب تک لے جایا جا سکے۔ اس ضمن میں نرسریوں کی جسٹریشن اور بیماریوں سے پاک پودوں کی فراہمی کے عمل کو مزید تیز کیا جائے اور بدلتے موسمی حالات کو پیش نظر رکھ بائیوٹیکنالوجیکل لیب میں کھجور، پپیتا، چائے، آلو اور کماد کے جدید پیداواری صلاحیت کی حامل پودوں کی تیاری پر فوکس کیا جائے ان خیالات کا اظہار سیکرٹری زراعت، پنجاب احمد عزیز تارڑ نے ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد کے مختلف شعبوں کی فیلڈ ایریا کے وزٹ کے دوران کیا ۔فیصل آباد ڈویژن کے زرعی ماہرین کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے۔زرعی سائنسدان ہائی ڈینسٹی باغات لگانے کے لئے باغبانوں کی فنی رہنمائی و عملی تربیت کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائیں۔زرعی تحقیق کے عمل میں جدت لانے اور اسے بین الاقوامی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے زرعی شعبہ جات کی تشکیل نو کی جائے گی اور زرعی سائنسدانوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جائیں گے۔انہوں نے افسران بالا پر زور دیا کہ وہ ایکسپورٹ کوالٹی کی حامل گندم کی نئی اقسام بالخصوص اکبر 2019، دلکش، سجانی اور عروج 2022 کا معیاری بیج اور جدید پیداواری ٹیکنالوجی پیکج چھوٹے کاشتکاروں کی دہلیز تک پہنچانے کے لئے محکمہ زراعت کے تمام شعبے مل کر کام کریں۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ گندم کی بروقت کاشت اور زرعی مداخل کی بروقت فراہمی کے ذریعے گندم کی پیداوار میں اضافہ کیا جائے گا جس سے زرعی خود کفالت کا حصول ممکن ہوگا۔ جانوروں سے زیادہ دودھ اور گوشت کی پیداوار کے حصول کے لئے ملکی اور غیر ملکی چارہ جات کے تحقیقی عمل میں جدت وقت کی اہم ضرورت ہے۔اس مقصد کیلئے سب اسٹیشن چارہ جات فیصل آباد کو اپ گریڈ کر کیا اسٹیشن کا درجہ دیا جارہا ہے جس سے مویشی پال حضرات کو چارہ جات کے معیاری بیج بروقت فراہمی میں بہتری آئے گی۔شعبہ اثمار کی نرسری کے فیلڈ وزٹ کے موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے پپیتا کی قسم ریڈ لیڈی کے پودوں کی تیاری کے عمل کو سراہا اور انکے زیادہ سے زیادہ پودوں کی دستیابی کیلئے عملی اقدامات کی ہدایت کی۔اس موقع پر چیف سائنٹسٹ، شعبہ اثمار فیصل آباد نے نرسریوں کے انتظامی امور کے متعلق تحقیقی کام اور شعبہ باغبانی کے جدید کاشتی امور دیکھ بھال، برداشت اور مارکیٹنگ میں بہتری کے لیے تربیت یافتہ افرادی قوت کی تربیت کیلئے ادارہ کے قیام کی ضرورت پر زور دیا۔ڈاکٹر جاوید احمد نے گندم لیبارٹری کے معائنہ کے موقع پر لیبارٹری میں جاری تحقیقی کام کے متعلق تفصیلاً بریفنگ دی۔ بعدازاں ڈاکٹر ساجد الرحمٰن، شعبہ بائیوٹیکنالوجی لیب کے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ٹشو کلچر کے ذریعے ہائی ویلیو گراپس کے پودوں کی افزائش میں تبدیلی لانے کے لیے ٹرانس جینک ٹیکنالوجی کا استعمال کیا جارہا ہے جنیاتی انجینئرنگ کے ذریعے پودوں میں مثبت تبدیلیاں لانا اور بیماریوں سے پاک فصلوں کے بیجوں کی پیداوار میں اضافہ کے لئے زرعی سائنسدان مصروف عمل ہیں۔قبل ازیں سیکرٹری زراعت، پنجاب نے انٹامالوجی ریسرچ انسٹیٹیوٹ اور سائل فرٹیلٹی سرٹیفائیڈ لیبارٹریز کا معائنہ بھی کیا۔انہوں نے کپاس، چارہ جات، سبزیات، باغات اور کماد کے فیلڈ ایریاز کا وزٹ کیا اور جاری تجربات کا معائنہ کیا انہوں نے زرعی سائنسدانوں کے تحقیقی کام کو سراہا اور موقع پر اہم امور بارے ہدایات بھی دیں۔

☆☆☆☆